# ترجمة القرآن

50/50 marks

اگرچہ نصابی کتاب میں ہر سورۃ کے اہم علمی اور عملی نکات دیے گئے ہیں، تاہم یہ معلومات مختلف مقامات پر بکھری ہوئی ہیں۔ چونکہ یہ ایک اہم امتحانی سوال ہے، طلبہ کو تمام سورتوں کے اہم علمی اور عملی نکات ایک ساتھ یاد رکھنا دشوار ہوتا ہے۔ ایک سورۃ کے اہم علمی اور عملی نکات یاد کرتے ہیں تو دوسری بھولنے لگتے ہیں۔ اس مسئلے کو مدنظر رکھتے ہوئے، سر عمیس نے تمام سورتوں کے اہم علمی اور عملی نکات کو ایک ہی جگہ پر یکجا کر دیا ہے تاکہ طلبہ کو یاد کرنے، دہرانے اور تیاری میں آسانی ہو۔ مذید یہ کہ یہ اس طرح چنے گئے ہیں کہ ان میں سے بورڈ امتحانات میں الگ سے بھی سوالات بنائے جاتے ہیں۔ اس لیے بلاشبہ مندرجہ ذیل آپ کے منتخب کردہ نکات سے بہتر ہیں!

## اہم علمی اور عملی نکات (مکمل کتاب)

| | | |
|---|---|---|
| 1 | سورۃ مریم | کسی نبی کی معجزانہ پیدائش ان کو اللہ یا اللہ کا بیٹا نہیں بناتی، بلکہ یہ ان کی عظمت کو بیان کرتی ہے۔ |
| | | ہمیں وعدہ پورا کرنا چاہیئے کیوں کہ یہ انبیاء کرام اور نیک لوگوں کی صفت ہے۔ |
| 2 | سورۃ طٰہٰ | اللہ کو ہر چیز کا مکمل علم ہے دنیا میں کوئی چیز اس سے چھپی ہوئی نہیں۔ |
| | | ہمیں اللہ سے اپنے علم میں اضافے کی دعا کرتے رہنا چاہیئے۔ |
| 3 | سورۃ الانبیاء | جو بات ہم نہیں جانتے وہ ہمیں علم رکھنے والوں سے پوچھ لینی چاہیئے۔ |
| | | اگر اس کائنات میں ایک سے زیادہ خدا ہوتے تو زمین اور آسمان میں فساد برپا ہو جاتا۔ |
| 4 | سورۃ الحج | شرک کے لیے کوئی دلیل نہیں ہے۔ |
| | | منافقین اللہ کی عبادت کنارے کنارے رہ کر کرتے ہیں اور دنیا کے فائدے پر خوش ہوتے ہیں اور نقصان پر دین سے دور ہو جاتے ہیں۔ |
| 5 | سورۃ الفرقان | قرآن مجید حق اور باطل کے درمیان فرق کرنے والا کلام ہے، جو تمام جہانوں کے لیے نازل کیا گیا ہے۔ |
| | | برے لوگوں کو دوست بنانے والے دنیا میں بھی نقصان اٹھاتے ہیں اور قیامت کے دن بھی اپنے آپ پر افسوس کریں گے۔ |
| 6 | سورۃ الشعراء | جھوٹے شاعروں کی پیروی کرنے والے لوگ عام طور پر گمراہ ہوتے ہیں۔ |
| | | ایمان لانا، نیک عمل کرنا، اللہ کا ذکر کرنا اور ظالموں کو جواب دینا اچھے شاعروں کی صفات ہیں۔ |
| 7 | سورۃ النمل | حضرت سلیمان علیہ السلام کی طرح ہمیں اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرتے ہوئے زندگی گزارنی چاہیئے۔ |
| | | حق کا انکار کرنے والے مردوں، بہروں اور اندھوں کی طرح ہیں، جنھیں قرآن مجید سے کوئی نصیحت حاصل نہیں ہو سکتی۔ |
| 8 | سورۃ القصص | اللہ نے دن اپنا فضل یعنی رزق تلاش کرنے کے لیے اور رات آرام کرنے کے لیے بنائی ہے۔ |
| | | ہدایت صرف اللہ کی توفیق سے حاصل ہوتی ہے اس لیے ہمیں اللہ سے ہدایت کے لیے دعا کرتے رہنا چاہیئے۔ |
| 9 | سورۃ العنکبوت | شرک کرنے والے کی مثال ایسی ہے جیسے کسی مکڑی کے جالے کو اپنا سہارا بنایا ہو۔ |
| | | اللہ کے دین کے لیے ہجرت کرنا ایک بہت بڑی نیکی ہے۔ |
| 10 | سورۃ الروم | میاں بیوی کا رشتہ باہمی محبت اور ایک دوسرے سے راحت پانے کا ذریعہ ہے۔ |
| | | اللہ کے نزدیک سود سے مال گھٹتا اور زکوۃ سے مال بڑھتا ہے۔ |
| 11 | سورۃ لقمن | شرک سب سے بڑا ظلم ہے۔ |
| | | ہمیں اپنی زندگی کے تمام معاملات میں میانہ روی اختیار کرنی چاہیئے۔ |

© 2025 Sir Umais | www.sirumais.com | All Rights Reserved

| | | |
|---|---|---|
| 12 | سورۃ السجدۃ | اللہ کی فرمانبرداری کرنے والے اور اللہ کی نافرمانی کرنے والے برابر نہیں ہو سکتے۔ |
| | | اللہ نافرمانوں پر بڑے عذاب سے پہلے چھوٹے چھوٹے عذاب بھیجتا ہے تاکہ وہ گناہوں سے باز آئیں۔ |
| 13 | سورۃ سبا | محنت میں عظمت ہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھوں سے لوہے کی زرہیں اور زنجیریں بناتے تھے۔ |
| | | اللہ کی ناشکری پر نعمت چھین لی جاتی ہے۔ |
| 14 | سورۃ فاطر | ہمیں ہمیشہ اس بات کو یاد رکھنا چاہیئے کہ شیطان ہمارا سب سے بڑا دشمن ہے جو ہمیں جہنم میں لے جانا چاہتا ہے۔ |
| | | تمام انسان اللہ کے محتاج ہیں اور وہ کسی کا محتاج نہیں ہے۔ |
| 15 | سورۃ یس | مویشی اللہ کی بہت بڑی نعمت ہیں جن پر ہم سواری کرتے ہیں، ان کا گوشت کھاتے ہیں اور دودھ پیتے ہیں۔ ان کے اور بھی بہت سے فائدے ہیں |
| | | اللہ کے لیے کوئی کام مشکل نہیں ہے۔ وہ جیسے ہی کسی کام کا حکم فرماتا ہے وہ کام ہو جاتا ہے۔ |
| 16 | سورۃ الصفت | اللہ اپنے رسولوں اور فرماں بردار بندوں کو اکیلا نہیں چھوڑتا، ان کی ضرور مدد فرماتا ہے۔ |
| | | تمام انبیاء کرام پر اللہ کی طرف سے سلامتی کا وعدہ ہے۔ |
| 17 | سورۃ ص | قرآن مجید کو سمجھنے کے دو درجے ہیں۔ ایک تدبر یعنی قرآن کی آیات پر گہرا غور و فکر کرنا اور تذکر یعنی قرآن مجید سے نصیحت حاصل کرنا۔ |
| | | اصل اور ہمیشہ رہنے والی نعمتیں جنت میں ہوں گی۔ |
| 18 | سورۃ الاحقاف | قیامت کے دن مشرکین کے بنائے ہوئے جھوٹے معبود ان کے دشمن ہوں گے۔ |
| | | جب جنات نے رسول اللہ ﷺ سے قرآن سنا تو وہ نہ صرف ایمان لے آئے بلکہ انھوں نے اپنی قوم کے پاس جا کر ان کو بھی ایمان لانے کی دعو |

© 2025 Sir Umais | www.sirumais.com | All Rights Reserved